بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

میمورینڈم

اپیل برائے اعتراض عبوری حلقہ بندی 2018 صوبائی حلقہ جات 271,270 ضلع مظفر گڑھ

جناب عالی!

عبوری حلقہ بندی 2018 ضلع مظفر گڑھ کے صوبائی جات 271,270 کے ضمن میں علاقہ ہذا میں سخت تشویش پائی جاتی ہے اور مذکورہ حلقہ جات میں مندرجہ ذیل ترامیم حد ضروری ہے تا کہ اہلیان علاقہ اپنا حق رائے دہی حقیقی اور درست حلقہ جات کے مطابق استعمال کر سکیں۔

1۔ یہ کہ موضع پنوار جنوبی جسکی کل آبادی بمطابق مردم شماری 9106 ہے۔ مذکورہ موضع بنیادی طور پر PP-270 کا حصہ ہے لیکن بمطابق عبوری حلقہ بندی 2018 مذکورہ موضع PP-271 میں شامل کیا گیا ہے جو کہ حلقہ بندی کے بنیادی اصولوں کو بالائے طاق رکھ کر PP-270 کا حصہ بنایا گیا۔ کیونکہ یہ موضع چاروں اطراف شرقاً، غرباً، شمالاً، جنوباً PP-270 سے ملحقہ ہے اگر اسے PP-271 میں شامل کیا جاتا ہے تو درمیان میں موضع منساء رام سندیلہ آتا ہے جسکی آبادی بمطابق مردم شماری 17824 ہے جو کہ PP-270 کا حصہ ہے جسکی وجہ سے پل بن جاتا ہے لہذا موضع پنوار جنوبی فطری طور پر PP-271 کی بجائے PP-270 کا ہی حصہ بنتا ہے بدیں اسے PP-271 سے نکال کر PP-270 میں شامل کیا جانا مقصود ہے اور اس طرح موضع منساء رام خاص جسکی آبادی بمطابق مردم شماری 6057 ہے اسے PP-270 سے نکال کر PP-271 میں شامل کیا جائے۔ کیونکہ مذکورہ موضع تین اطراف شرقاً، غرباً، شمالاً PP-271 سے ملحقہ ہے تا کہ انصاف اور قاعدے قانون کے تقاضے پورے ہو سکیں۔

2۔ یہ کہ موجع کہاوڑ جسکی آباد بمطابق مردم شماری 21747 ہے جو کہ فطرتاً حلقہ PP-271 کا حصہ بنتا ہے لیکن بمطابق عبوری حلقہ بندی 2018 سے حلقہ PP-270 میں شامل کیا گیا ہے۔ جو کہ علاقہ ہذا کی حد بندی کو مدنظر رکھتے ہوئے درست نہ ہے۔ کیونکہ مذکورہ موضع تین اطراف شمالاً، شرقاً، غرباً PP-271 سے منسلک ہے۔ اسی طرح موضع بیٹ رنونجہ جسکی آبادی بمطابق مردم شماری 8416 ہے جو کہ صوبائی حلقہ PP-270 تین اطراف، شرقاً، غرباً، شمالاً سے ملحقہ ہے لیکن بمطابق عبوری حلقہ بندی 2018 مذکورہ موضع کو حلقہ PP-271 میں شامل کیا گیا ہے۔ جو کہ درست نہ ہے مذکورہ موضع علاقائی حد بندی کے اصول کے مطابق حلقہ PP-270 کا حصہ ہونا چاہیے لہذا تجویز دی جاتی ہے کہ موضع کہاوڑ کو حلقہ PP-270 سے نکال کر حلقہ PP-271 مین شامل کیا جائے۔ اور اس طرح موضع بیٹ رنونجہ کو حلقہ PP-271 سے نکال کر حلقہ PP-270 کا حصہ بنایا جائے۔ جو کہ اہل علاقہ کی خواہشات اور انصاف کے عین مطابق ہوگا۔

3

لہذا مذکورہ بالا حقائق کی روشنی میں التماس ہے کہ عبوری حلقہ بندی کو فائنل کرنے سے قبل مذکورہ بالا تجاویز کے مطابق حسب ضابطہ ترامیم کرکے اہل علاقہ کے حقوق کی پاسبانی کریں۔ تجاویز حلقہ بندی حلقہ PP-270,271 بمطابق مردم شماری و تمام نقشہ جات همراہ لف ہیں۔ علاوہ ازیں ضلع مظفرگڑھ کے 6 قومی اسمبلی کے حلقہ جات و دیگر 9 صوبائی حلقہ جات کے ضمن میں کسی قسم کا اعتراض نہ ہے۔

اپیل کنندہ

M.H.Rao

محمد حمزہ راؤ ولد راؤ محمد اکمل خان سکنہ ڈاکخانہ خاص، گورمانی شرقی، تحصیل کوٹ ادو، ضلع مظفرگڑھ

فون نمبر: 0346-4575959 , 0300-4575951

کونسل M.H.Rao

راؤ محمد اکمل خان ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

0303-4449333